نے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا اور انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجین کے لیے مقالات لکھنے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

ظاہر ہے کہ اس فاضل نوجوان ہی ایسی صلاحیتیں تھیں اور اتنا وسیع مطالعہ کہ اس نے ممکن حد تک بہترین ترجمہ کیا اور بڑے خوبصورت ٹائپ میں چھپ کر سامنے ہے۔ ترجمہ کے ساتھ حواشی بھی موجود ہیں۔ عربی متن بھی بہت خوبصورت رسم الخط میں شامل کتاب ہے۔

میرا خیال تھا کہ دونوں تراجم کے دو ایک حصوں کی عبارتوں کو تقابلاً پیش کیا جائے، کٹنگ بھی تیار کر لیے گئے، مگر جگہ کی کمی کی وجہ سے ارادہ بدل دیا۔

صحیفۃ السلوک
اُردو ترجمہ ذخیرۃ الملوک

تالیف: امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ۔ تحقیق و ترجمہ و تعلیق از جناب مولانا صدر الدین الرفاعی المجددی۔ ناشر: ملتی پبلی کیشنز، ۱۲ D۔ بی سیٹیلائیٹ ٹاؤن راولپنڈی۔ بڑے سائز کے ۴۵۷ صفحات رنگین و مضبوط جلد کے ساتھ۔
قیمت: ۱۲۵/- روپے۔

بنیادی طور پر یہ کتاب اسلامی سیاسیات سے تعلق رکھتی ہے۔ اور سلاطین ملوک یا صدور اور وزیروں کے لیے سرمایۂ ہدایت ہے۔ اس ہدایت نامہ کے دس ابواب ہیں۔ [illegible] کی [illegible] شرطیں کے عنوان سے بڑی بحث ہے۔ رعایا کے ۲۰ حقوق اور اسی طرح غیر مسلم رعایا کے بھی ۲۰ شرائط و حقوق مندرج ہیں۔ اسی طرح مختلف اُمور میں کئی کئی اقسام اور کئی کئی شرائط بیان کی گئی ہیں۔ اچھے اور بُرے اخلاقیات پر بھی پُر افادیت گفتگو ہے۔ ص ۲۸۲ سے ۲۹۴ تک بظاہر آپ کو جسمِ انسانی کے متعلق ایسی معلومات ملیں گی جن کو آپ طب و جراحت کی ضرورت سمجھیں گے لیکن مؤلف کا کمال ہے کہ انہوں نے ان سے بھی معرفت و حکمتِ دینی کے اسرار برآمد کیے ہیں۔ قصہ مختصر یہ کہ کتاب گذشتہ دور کی ان کتابوں میں سے ایک ہے جو ایک مخصوص موضوع کو سامنے رکھ کر پورے نظامِ دین و شریعت کی سیر کرا دیتی ہے۔

امیر سید علی ہمدانی کی شخصیت کو تو آپ جانتے ہی ہوں گے جن کا ذکر اقبال کے ہاں بھی ملتا